**18-05-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

۱۔وزیر پنچایت راج سیتا اَ کا نے اعادہ کیا کہ ریاستی حکومت اقل ترین امدادی قیمت پر کسانوں سے مکمل دھان کی خریداری کرے گی۔

۲۔ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پرنم پر بھا کر نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ خواتین کو مفت بس کی اسکیم سے فائدے کے عمل میں کسی بھی قسم کی دشواریوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

۳۔ٹی جی ایپسٹ کے نتائج پرنسپال سکریٹری محکمہ تعلیمات بی وینکٹیشم نے آج صبح جاری کئے۔

اور

۴۔مرکزی وزیر سیاحت و تلنگانہ بی جے پی کے سربراہ کشن ریڈی نے آج کہا ہے کہ اس مرتبہ ریاست میں ان کی پارٹی سب سے زیادہ تعداد میں لوک سبھا نشستوں پر کامیاب ہوگی۔

☆☆☆

سنگاریڈی ضلع کے رام سانی پلی گاؤں کی قومی شاہراہ پر پیش آئے سڑک حادثہ میں ایک ہی خاندان کے تین افراد ہلاک ہوگئے۔مہلوکین بائیک پر کاماریڈی ضلع کے پٹلم کی سمت جارہے تھے کہ سڑک پر ان کی گاڑی پھسل گئی اور وہ برسرموقع ہلاک ہوگئے۔مہلوکین کا تعلق کاماریڈی ضلع کے پدا تانڈکورعلاقہ سے ہے۔لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے جوگی پیٹ کے سرکاری دواخانہ منتقل کردیا گیا۔

☆☆☆

تلنگانہ اوورسیز مین پاور کمپنی لمیٹڈ (ٹام کام) کی جانب سے نیشنل اسکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن انٹرنیشنل کے ساتھ اشتراک کے ذریعہ خصوصی مہم چلائی جارہی ہے تاکہ اسرائیل میں سمندر پار ملازمتیں فراہم کی جاسکے۔شٹرنگ، کارپینٹر، سیرامک ٹائیلرس، پلاسٹرس اور آئیرن بنڈرس کی ملازمت کے لئے کافی زیادہ طلب ہے۔ایک لاکھ 20 ہزار تا ایک لاکھ 38 ہزار روپے فی ماہ کے درمیان تنخواہ کا پرکشش پیکیج فراہم کیا جارہا ہے۔تاہم ٹام کام نے آج اپنے بیان میں یہ بات بتائی۔دلچسپی رکھنے والے امیدوار جو اِن ملازمتوں کے لئے درخواست داخل کرنے خواہشمند ہیں کی قابلیت ایس ایس سی ہونی چاہئے۔ساتھ میں انہیں متعلقہ شعبہ کا کم از کم تین سال کا تجربہ ضروری ہے۔عمر 21 تا 45 برس کے درمیان ہونی چاہئے۔اس ماہ کی 20 تا 22 تاریخ کو نیشنل اکیڈیمی آف کنسٹرکشن حیدرآباد میں انٹرویو ہوگا۔

☆☆☆

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران تلنگانہ میں بعض مقامات پر طوفانی ہوائیں چلانے کا امکان ہے۔محکمہ نے اپنے رپورٹ میں کہا کہ آئندہ سات دنوں کے دوران بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط یا پھر گرج و چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں دو مقامات پر بارش ہوئی۔اعظم ترین درجہ حرارت 37.8 ڈگری سلسیس عادل آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆

ایل اینڈ ٹی میٹرو ریل حیدرآباد نے واضح کیا ہے کہ میٹرو خدمات کے اوقات میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔میٹرو خدمات کے اوقات میں توسیع کا دعویٰ کرتے ہوئے میڈیا کے ایک گوشہ کی جانب سے جاری رپورٹس پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے یہ بات بتائی گئی۔تاہم تجرباتی بنیاد پر مسافرین کی سہولت کے لئے جمعہ اور پیر کو میٹرو خدمات کے اوقات میں توسیع کی گئی ہے۔گزشتہ جمعہ کو آخری ٹرین 11 بجے کے بجائے 11:45 بجے روانہ ہوئی اور صبح 6 بجے کے بجائے پہلے ٹرین 5:30 بجے روانہ کی گئی۔

☆☆☆

مرکزی وزیر سیاحت وتلنگانہ بی جے پی کے سربراہ کشن ریڈی نے آج کہا ہے کہ اِس مرتبہ ریاست میں ان کی پارٹی سب سے زیادہ تعداد میں لوک سبھا نشستوں پر کامیاب ہوگی۔ انہوں نے ورنگل۔ کھمم۔ نلگنڈہ گریجویٹس ایم ایل سی انتخابات کے سلسلہ میں یادادری پائی پاس روڈ پر پارٹی کے قائدین اور حامیوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ تلنگانہ بی جے پی کے لئے موافق ماحول دیکھا جارہا ہے۔ یہ کہتے ہوئے کہ دانشور اور تعلیمیافتہ افراد بی جے پی کی تائید کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی انتخابات کے دوران بی آر ایس کی مخالف حکومت کی وجہ سے ریاست میں کانگریس برسر اقتدار آئی۔ انہوں نے سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ پر اپنی خود کی پارٹی کے ارکان اسمبلی کے تحفظ کے موقف میں نہ ہونے پر تنقید کی اور کہا کہ ایسے موقف میں نہ رہنے کے باوجود لوک سبھا انتخابات میں عوام سے ووٹ مانگے گئے۔

☆☆☆

ضلع کلکٹر حیدرآباد انودیپ دوری شیٹی نے مرکزی مسلح فورسس سے خواہش کی کہ وہ اسٹرانگ رومس پر مسلسل نظر رکھیں۔ جہاں پر 4 جون کی ووٹوں کی گنتی کیلئے ای وی ایمس کو رکھا گیا ہے۔ انہوں نے ناملی کے نمائش گراؤنڈ کے کملا نہرو پالی ٹیکنک میں رکھے گئے ای وی ایمس کا معائنہ کیا۔ یہ ای وی ایمس حلقہ اسمبلی چارمینار کے ہیں۔ کلکٹر نے ان اسٹرانگ رومس کی 24 گھنٹے نگرانی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹرانگ رومس میں سی سی ٹی وی کیمرے لگائے گئے ہیں، تاکہ مسلسل نظر رکھی جاسکے۔ مرکز کے مسلح دستے اسٹرانگ رومس کی نگرانی کررہے ہیں۔ شہر حیدرآباد اور نواحی علاقوں میں بیشتر مقامات پر بنائے گئے اسٹرانگ رومس میں حیدرآباد پارلیمانی حلقہ کے ای وی ایمس رکھے گئے ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ انجینئرنگ، اگریکلچر اینڈ فارمیسی کامن انٹرنس ٹسٹ (ٹی جی ایپسٹ) کے نتائج پرنسپل سکریٹری محکمہ تعلیمات بی وینکٹیشم نے آج صبح جاری کئے۔ لڑکیوں کو لڑکوں پر سبقت حاصل رہی۔ جنہوں نے 90.18 فیصد کامیابی حاصل کی اور لڑکوں کی کامیابی کا فیصد 88.25 فیصد رہا۔ اگریکلچر اینڈ فارمیسی کورسس کے لئے اہلیتی امتحان میں شرکت کرنے والے 91,633 طلبہ میں سے 82,163 طلبہ کامیاب قرار دئے گئے۔ انجینئرنگ اسٹریم میں کامیابی کا فیصد 74.98 رہا۔ انجینئرنگ اسٹریم میں ٹاپ رینکر آندھرا پردیش کے سریکاکلم ضلع کے پالاکنڈہ کی جوتیر آدتیہ رہیں۔ کرنول کے پنچالنگالو سے تعلق رکھنے والے ہرشا کو دوسرا اور سکندرآباد کے ترمل گری کے رہنے والے رشی شیکھر شکلا کو تیسرا رینک حاصل ہوا۔

☆☆☆

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پرنم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ خواتین کو مفت بس کی اسکیم سے فائدے کے عمل میں کسی بھی قسم کی دشواریوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت روٹس کی تعداد میں اضافہ کرے گی اور بسوں کے بیڑے میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس بات کی مساعی کی جائے گی کہ زیادہ سے زیادہ سہولتیں برقرار رہیں۔ مفت بس کی اسکیم پر وزیر اعظم مودی کے ریمارکس پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم کا یہ کہنا مناسب نہیں ہے کہ مفت بس کی اسکیم خسارہ والا قدم ہے۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ بعض ریاستیں اس اسکیم پر عمل کررہی ہیں، تاکہ خواتین کی معاشی ترقی میں مدد کی جاسکے۔ وزیر اعظم کو یہ بات ہضم نہیں ہورہی ہے۔

☆☆☆

وزیرعمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے محکمہ عمارات وشوارع کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ حیدرآباد۔وجئے واڑہ شاہراہ پر سڑک حادثات کے امکانی مقامات کے مسئلہ کوحل کرنے کے کاموں میں تیزی پیدا کی جائے۔وزیرموصوف نے مسلسل حادثات اور اس روٹ پر 17 امکانی حادثات والے علاقوں کے سبب جانی نقصان پرتشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ متبادل سڑکیں تیار کریں اوراس بات کے اقدامات کریں کہ امکانی حادثات والے علاقوں کے مسائل کوحل کرنے کے لئے مرمت کے کاموں کی انجام دہی کے دوران سڑک استعمال کرنے والوں کوکسی بھی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔گزشتہ روزعہدیداروں کے ساتھ اجلاس میں وزیرموصوف نے کہا کہ اجازت میں تاخیر کے بہانے کاموں کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کاموں کی انجام دہی میں مزید تاخیر کے نتیجہ میں مزید حادثات پیش آسکتے ہیں۔

☆☆☆

وزیر پنچایت راج انوسیا سیتا اَکا نے اعادہ کیا کہ ریاستی حکومت اقل ترین امدادی قیمت پرکسانوں سے مکمل دھان کی خریداری کرے گی۔انہوں نے کسانوں سے خواہش کی کہ دھان کونقصان پر وہ امید نہ ہاریں۔وزیر نے اپنے بیان میں عہدیداروں سے خواہش کی کہ دھان کی خریداری میں تیزی پیدا کی جائے اورریاست کے کسانوں میں بھروسہ پیدا کیا جائے۔انہوں نے حالیہ بارش سے زراعت کے شعبہ کے متاثر ہونے کے پیش نظر مواضعات میں پائے جانے والی صورتحال کے بارے میں تفصیلات حاصل کیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کراپ انشورنس پالیسی کی پریمیم کی رقم برداشت کرے گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت ہمیشہ کسانوں کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

☆☆☆

ٹی پی سی سی کے کارگذارصدر رنجن نے ریاست میں مہالکشمی اسکیم کے تحت خواتین کوبس میں مفت سفر کی سہولت کی فراہمی پر وزیراعظم مودی کی تنقیداور ریمارکس کی مذمت کی ہے۔انہوں نے وزیراعظم سے مطالبہ کیا کہ وہ تلنگانہ کی خواتین سے معذرت خواہی کریں۔انہوں نے کہا کہ خواتین کوبس میں مفت سفر کی سہولت سے میٹروریل کے مسافرین کی تعداد میں 50 فیصد تک کمی سے متعلق وزیراعظم کا بیان اور میٹروکوخسارہ کا سامنا ہونے کی بات عدم واقفیت کا ایک ثبوت ہے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں دستیاب وزرا کے ساتھ نیشنل ڈیم سیفٹی اتھاریٹی کی رپورٹ پر تبادلہ خیال کیا۔وزراء اتم کمار ریڈی، ٹی ناگیشور راؤ، کونڈا سریکھا اور دوسروں نے اجلاس میں شرکت کی۔سرکاری مشیر نریندر ریڈی اور محکمہ آبپاشی کے سینئر عہدیدار بھی اس موقع پر موجود تھے۔کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ میں مسائل کے پیش نظر این ڈی ایس اے نے اپنی رپورٹ پیش کی ہے، جس کو اس اجلاس میں اہمیت حاصل ہوگئی ہے۔